مرثیۂ اقبال از اسد صاحب ملتانی تقطیع خورد ضخامت ۲۰ صفحات کتابت طباعت اور کاغذ عمدہ قیمت ۳ر ملنے کا پتہ:۔ دفتر روزنامہ شمس ملتان شہر۔

اسد صاحب ملتانی اُردو کے روشناس شاعر ہیں۔ آپ کی نظمیں ہندوستان کے موقر رسالوں میں اکثر شائع ہوتی رہتی ہیں۔ یہ آپ کا ہی لکھا ہوا ایک دردانگیز مرثیہ ہے جو ڈاکٹر اقبال مرحوم کی وفات پر کہا گیا تھا۔ مرثیہ ترکیب بند ہے اور مرثیہ نگاری کے صحیح اصول پر لکھا گیا ہے۔ زبان بہت صاف ترکیب الفاظ چست اور بندشیں درست ہیں۔ اظہار حقیقت کے ساتھ شاعرانہ فلک پیمائی بھی کم نہیں ہے

آئینۂ کرامت از حافظ محمود علی صاحب صائب تقطیع کلاں ضخامت ۱۲۸ صفحات کتابت طباعت اور کاغذ بہتر قیمت درج نہیں۔ پتہ:۔ حافظ محمود علی صاحب ریاست رادھن پور (گجرات)

حضرت شاہ حافظ علی صاحب مرحوم انبیٹھہ ضلع سہارنپور کے ایک بڑے خدا رسیدہ بزرگ تھے۔ زیر تبصرہ کتاب آپ کے ہی حالات و سوانح میں ہے، اور جیسا کہ نام سے ظاہر ہوتا ہے اس میں آپ کی کراماتوں اور زندگی کے حیرت انگیز واقعات کا ذکر زیادہ تفصیل سے کیا گیا ہے۔ شروع میں ایک منظوم حمد ہے۔ اور آخر میں ایک مرثیہ ہے جو لوگ صوفیائے کرام کی حکایات و کرامات سے دلچسپی رکھتے ہیں اُن کے لیے اس کتاب کا مطالعہ دلچسپی سے خالی نہیں ہوگا۔ اور اس سے انہیں ارشاد و ہدایت کی بعض مفید باتیں معلوم ہونگی۔